SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ ایکٹ نمبرXVIII مجریہ 2013

# SINDHACT NO.XVIII OF 2013

# سندھ قوانین (ترمیم) ایکٹ، 2012

# THESINDH LAWS (AMENDMENT) ACT, 2012

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1۔ مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extent and commencement

2۔ تعریف
Definitions

3۔ قوانین کی ترمیم
Amendment of Laws

# سندھ ایکٹ نمبرXVIII مجریہ 2013

# SINDH ACT NO.XVIII OF 2013

# سندھ قوانین (ترمیم) ایکٹ، 2012

# THE SINDH LAWS (AMENDMENT) ACT, 2012

[19 مارچ 2013]

ایکٹ جس کے ذریعے اٹھارویں ترمیم سے قبل سارے قانونی دستاویزات میں صوبہ کے نام کی ہجے درست کی جائے گی؛

تمہید (Preamble)

جیسا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 1 میں لفظ "Sind" کے لیئے لفظ "Sindh" کو آئین (اٹھارویں ترمیم) ایکٹ، 2010 کے تحت متبادل بنایا گیا ہے، اور یہ ضروری ہو گیا ہے کے سارے ایکٹس، آرڈیننسز، قواعد، ضوابط، نوٹیفکیشنز، احکامات، بائی لاز یا دیگر قانونی دستاویزات، جو صوبہ سندھ میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 1 کے تحت قانون نافذ کرنے میں شامل ہوں، ان میں تبدیلی کی جائے؛

مختصر عنوان، اضافہ اور شروعات
Short title, extent and

1۔(1) اس ایکٹ کو سندھ قوانین (ترمیم) ایکٹ، 2012 کہا جائے گا۔

(2) اس کی پورے صوبہ "سندھ" تک توسیع کی جائے گی؛

(3) یہ فی الفور نافذ ہو گا اور 14 آگست 1973 سے نافذ سمجھا جائے گا۔

commencement

تعریف
Definitions

2۔ اس ایکٹ میں جب تک مفہوم کچھ اور نا ہو، مندرجہ ذیل اظہارات کو ترتیبوار مندرجہ ذیل معنی دی گئی ہے، یعنی:

(a)"ایکٹ" مطلب صوبہ سندھ میں نافذ تمام ایکٹس:

(b)" آرڈیننسز" مطلب صوبہ سندھ میں نافذ تمام آرڈیننسز: اور

(c)" قواعد، ضوابط، نوٹیفکیشنز، احکامات یا بائی لاز" مطلب کسی ایکٹ یا آرڈیننس کی گنجائشوں کے تحت تشکیل دیئے گئے یا جاری کیئے گئے سارے قواعد، ضوابط، نوٹیفکیشنز، احکامات، بائی لاز۔

قوانین کی ترمیم
Amendment of Laws

3۔سارے موجود قوانین بشمول کسی ایکٹ اور آرڈیننسز کے؛ اور قواعد، ضوابط، نوٹیفکیشنز، احکامات، بائی لاز یا کوئی دیگر قانونی دستاویز، جو اس ایکٹ کے نافذ ہونے سے فوری پیشتر تمام یا صوبہ "Sind" کے کسی حصے میں قانون کی حیثیت رکھتے تھے، اب "Sindh" ترمیم کیا جائے گا، جیسا اب کے بعد بیان کیا گیا ہے؛ جیسا کہ:

(a)ایکٹس اور آرڈیننسز میں:

(i)۔ الفاظ "An Act" یا "An Ordinance"، جو بھی معاملہ ہو، اس سے قبل آنے والے لفظ "Sind" کو لفظ "Sindh" سے تبدیل کیا جائے گا۔

(ii)۔ کسی دوسری دفعہ میں، جہاں بھی لفظ "Sind" آئے، اس کو لفظ "Sindh" سے تبدیل کیا جائے گا۔

(b) کسی ایکٹ یا آرڈیننس کے تحت جاری کردہ یا تشکیل دیئے گئے، قواعد، ضوابط، نوٹیفکیشنز، احکامات یا بائی لاز یا کسی دیگر قانونی دستاویز میں، جہاں بھی لفظ "Sind" آئے، اس کو لفظ "Sindh" سے تبدیل کیا جائے گا۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**